RAMPUR GOVT. GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

جلد ۳	روز دوشنبہ تاریخ ۲ مئی ۱۸۹۲ء مطابق ۴ شوال ۱۳۰۹ ہجری	نمبر ۱۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ	نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
۱	حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر [illegible]	۱	۷	روبکار [illegible]	۳
۲	[illegible] اجلاس [illegible]	۲	۸	[illegible]	۳
۳	[illegible] محاسبات [illegible]	۲	۹	حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر [illegible]	۴
۴	[illegible] کارروائی پولیس	۲		[illegible]	
۵	[illegible]	۲	۱۰	[illegible]	[illegible]
۶	[illegible] گزٹ	۲	۱۱	[illegible]	[illegible]

روبکار اجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر
واقع ۲۵ اپریل ۱۸۹۲ء

چونکہ اب موسم گرما ہے لہذا مناسب ہے کہ [illegible] تعین وقت اجلاس ہوا آٹھ بجے صبح سے بارہ بجے دوپہر تک ہر یکے بروز اجلاس اس اوقات کی پابندی سے اجلاس ہوا کریگا

حکم ہوا کہ

اہلکاران اجلاس مطلع ہوں اور براے اطلاع عام روبکار ہذا درج گزٹ ہو اور نقل اسکی [illegible] واسطے آگاہی خاص و عام کے —

[illegible]

حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر
اضافہ

حسب [illegible] صاحب [illegible] ریاست [illegible]
[illegible]

روبکار اجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۶ اپریل سنہ ۱۹۱۲ء

اگر حسابات جاری نہج کے دیر سے ہم کو دئے جاتے ہیں جو بلا ضرورت نہیں ہے زیادہ تر ہمارے حسابات نہج کا تعلق منصرم جانماز و ملود آباد و منصرم اصطبل منصرم باورچیخانہ انگریزی جیل ... شفاخانہ وغیرہ وغیرہ سے ہے جنکو لازم ہے کہ اختتام مہینہ پر رعایت درجہ ضرور ملحوظ رکھیں کہ ہمارا حساب دیدیا کریں اگر زیادہ وقفہ ہوگا تو ہم یہ نہیں ہو سکے البتہ دوسرے مہینہ تک انتظار کیا جا سکتا ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا درج گزٹ کیا جاوے اور کارخانہ داران مندرجہ بالا کو اطلاع دیجاوے

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۹ اپریل سنہ ۱۹۱۲ء عیسوی

بعض معاملات ایسے ساعت میں آتے کہ جنمیں پولیس بطور خود دست اندازی نہیں کر سکتا اور جب کسی اہلکار سرکاری کیطرف سے اطلاع و تذکرہ کسی امر کی پولیس کو ملتی ہے تو اوسکی انسداد اور بازپرس میں دست اندازی یا کوئی کارروائی کرنے میں بعض پیش ہوتا کہ مثلاً کوئی شخص کسی کے مکان پر اگر بلا اجازت پھینک دیوے اور اسکی اہلکار سرکار بیٹھے پولیس دریافت کر سکتا اور جب تک کی اطلاع کسی اہلکار سرکار کیطرف سے ہو تو پولیس کو دریافت کرنے میں بھی بس و پیش ہوتا ہے لہذا۔

حکم ہوا کہ

ایسے معاملات میں اگر کوئی معزز اہلکار ریاست پولیس کو اطلاع دے تو اوسکو تحقیقات و دریافت کی کارروائی شروع کرنا مناسب ہے روبکار ہذا درج گزٹ ہو اور پولیس کو ہدایت کیجاوے کہ جب کسی کو وہ دست اندازی ... کمیں ... تو پولیس کارروائی شروع کر دیں۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۶ اپریل سنہ ۱۹۱۲ء

رپورٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس نمبری ۴۲-۱۰ ملاحظہ ہو کر۔

حکم ہوا کہ

سول سرجن بدر دیگر ڈاکٹران شفاخانجات خصوص کو ہدایت کیجاوے کہ جب کوئی شخص مجروح شفاخانہ میں پہنچے تو صرف یہ رپورٹ کہہ دینا کہ کسی نوکدار چیز سے زخم آیا ہے ناکافی ہے اور پولیس الزام واقعی عائد نہیں کر سکتا اسلئے ہمیشہ صراحت اوس آلہ کی ہونا چاہیے جس سے زخم پہونچا ہے یہ روبکار بسلسلہ اطلاع درج گزٹ ہو سپرنٹنڈنٹ پولیس مطلع ہوں۔

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر

سررشتہ دار صدر درج گزٹ کرادیں۔ ۵ جولائی سنہ ۱۹۱۲ء عیسوی

رپورٹ سررشتہ پولیس

مسمی چہید الملک عمری ۱۲ سالہ باشندہ رسولپور تھانہ مسوار جنگل سوار میں کر جو متعلق تھانہ ملک خانم ہے راسان چرایا تھا ... روز سے کہیں چلا گیا اور راسان کا بھی ہوس میں پہنچ گئی ہیں اور تلاش معرفت تھانہ داران ... پیش ہے رپورٹ مع ... حلیہ بغرض ... تکمیل حضور ہے۔

حلیہ

... ولد ... عمر ۱۳ برس ... گندم رنگ فراخ پیشانی آنکھ ... سر ... کا کرتہ پہنے اور ... [illegible]

روبکار اجلاس ریاست واقع ۲۳ اپریل ۱۸۹۱ء

بل سائر خرچ باہتمام دیوان صدر مرتب ہو کر ماہوار تنخواہ کی بجائی ہوتی ہے اور تقسیم کیا جاتا ہے سات سررشتوں کا سائر خرچ حسب ذیل ہے درج

بخشیگری	[illegible]
کوال منڈہ	[illegible]
حضور تحصیل ملک سوار بلاسپور	[illegible]
ناظر الدین بابت توڑہ بندی خزانہ	۸ ر
اسٹامپ	[illegible]
آبکاری	[illegible]
صدر قانونگوی	[illegible]
بابت روشنی پہرہ چکان خزانہ	[illegible]
ورسالدار صدر	[illegible]

ہمارے نزدیک یہ بل جداگانہ سررشتہ دیوان صدر میں طیار ہونا بالکل فضول ہے اور بجائے اسکے یہ زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہر سررشتہ میں جیسا ہوا دی برآورد تنخواہ مرتب ہوتے ہیں اوسکے ذیل میں رقم سائر خرچ بھی جو اوس سررشتہ کیلئے منظور کیگئی درج کیا جاوے اور مشمول تنخواہ وصول کیجاوے گوال منڈہ کا سائر خرچ تحصیلات حضور ملک سوار بلاسپور سے متعلق ہے لہذا ایک ایک روپیہ تحصیلداران متعلق اپنی اپنی برآورد میں درج کرلیا کریں اور سائر خرچ بابت توڑہ بندی خزانہ صدر کے سررشتہ کی برآورد میں قائم ہووے اور المد متعلق برآورد صدر میں شامل کرے سائر خرچ بابت روشنی پہرہ سررشتہ صدر کی برآورد میں درج ہوا جاوے۔

حکم ہوا کہ

موافق صراحت بالا احکام جاری ہوں المد متعلق اور افسران سررشتہ کو بھیجے سائر خرچ کا اس بل سے تعلق ہے اطلاع دیجاوے اور آئندہ سے موافق اس ہدایت کے کاروائی ہوا کرے اور دیوان صدر آئندہ اس بل کا مرتب کرنا موقوف کریں یہ روبکار درج گزٹ ہووے

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۵ اپریل ۱۸۹۱ء

بملاحظہ رپورٹ مفصل سررشتہ دار صدر بنظر ترتیب حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔ تاریخ انطباع گزٹ سے اسکی پابندی لازم ہوگی

۱۔ صدر سے جب کوئی مثل طلب کیفیت یا تحقیقات کسی محکمہ میں بھیجی جاوے وہاں کاغذات تحقیقاتی آخر پر سلسلہ وار نتھی کرکے درج فہرست ہوا کریں فہرست کا پرنتھی کرنا طریقہ سابق کا جو جاری ہے متروک کیا جاوے

۲۔ اور سررشتوں سے جو کاغذات ابتدائی یا دورانی اجلاس معلی میں روانہ کئے جاتے ہیں وہ بخیر مرتب بلاچٹ و فہرست کے ہوا کریں فہرست محافظ مثل سے جہاں تک وقتاً فوقتاً کاغذات درج ہونا چاہیے تاکہ مثل محفوظ رہے اور کاغذات مسلسل ہوں۔

۳۔ کاغذات مشمولہ پر اکثر دستخط حاکم سررشتہ نہیں ہوتے یا کسی جگہ عبارت مشکوک ہوا و بغیر دستخط کے نہیں ہوسکتے ہیں اس کے مثل لینے میں محافظ دفتر انکار کرتے ہیں اور نقل دینے کے وقت بھی دقتیں ہوتی ہیں حکام دارالہ کار ان کا لحاظ رکھیں ہے۔

حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر

تنبیہ

وقت پیشی مقدمہ مسماۃ محمدی بیگم مدعیہ بنام جمال الدین خان
مدعا علیہ رسیداً مثل سرسری طور پر دیکھنے سے حسب ذیل نقص بھی
نقصانات بھی پائے گئے جنکے باوجود ہدایات متواترہ عملدرآمد کا
احتراز کرنا لامحالہ موجب سخت باز پرس ہے۔

۱- تنقیحات قرار دادہ ۲۹ اکتوبر ۱۹۱۰ء کے مطابق ۹ نومبر
تاریخ پیشی اول کو جو گواہ مدعا علیہ نے عدالت میں گزرانے
انکے بیانات پر دستخط فریقین احاطۃً یا مختاراً ثبت ہیں
نہ حاکم کی یادداشت بابت حیثیت و طرز ادا گواہ کسی اظہار کے
تحت میں مندرج ہے۔

۲- ۹ نومبر کے حکم عدالت سے جو ۱۰ نومبر کو اہلمد نے تنقیحات
موقع کی اوس پر بھی دستخط فریقین نہیں ہیں۔

بلکہ

۳- ۱۰ تاریخ مدعیہ حاضر عدالت تھی جس سے سوال کیا گیا
کہ گواہ حاضر نہیں کئے آیا اوسکو مدعا علیہ سے حلف لینا منظور ہے
جسنے حلف لینے سے انکار کیا۔

اور

۴- عرضی کے ساتھ دو گواہ پیش کئے اول اس عرضی پر حکم
قلمبندی اظہار گواہان نافذ ہوا مگر اہلمد نے بغیر اسکے کہ نسبت پیشی کر کے
حکم مناسب حاصل کرے محض اپنے اختیار سے گواہوں کا اظہار
قلم انداز کیا اور (۱۰ نومبر کو) رپورٹ پیش کی گواہ مندرجہ
عرضی دعوے نہ تھے اسلئے اظہار قلمبند نہیں کئے گئے الخ
نہ صرف ترک تعمیل کی ناپسندیدہ جرأت کی۔

بلکہ

۵- یہ رپورٹ بھی صریح غلط اور خلاف ہدایت سرکلر نمبر ۲ سنہ ۱۹۰۹ء
مطبوعہ گزٹ نمبری ۲ سنہ الیہ ہے۔
سرکلر کا صاف منشا ہے کہ (عرضی دعوے میں فہرست گواہان
اگر ہو تو کوئی ہرج نہیں گواہوں کی اسم نویسی اظہار میں حاکم کو
بروز پیشی اول درج کر لینی چاہئے۔

۶- اس ۱۰ نومبر کی رپورٹ اہلمد پر ۱۰ نومبر کو حکم شامل مثل کئے جانے کا
نافذ اور صیغہ صادر ہوا حالانکہ ایسی رپورٹ متعلق نفس مقدمہ
ہر نوع پیش ہو کر حکم ہو جانا لازم ہے۔ حاکم عدالت اہلمد کا جواب لیکر
سمجھیں کہ اوسکو سزا جرمانہ یا معطلی کیوں نہیں دیجائے۔
یہ اصل تنبیہ بطور ضمیمہ مسل مقدمہ شامل مثل مقدمہ کیجائے اور نقل اسکی
بغرض آگہی و تعمیل ہدایات درج گزٹ ہو نیز مطبع میں بھیجی جائے

مطبوعہ ۲ مئی سنہ ۱۸۹۲ء اخبار

حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۲ اپریل سنہ ۱۸۹۲ء

ہر ایک نمبر کے متعلق احکام تحریر ہو چکے لہذا ایک نقل رویداد بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے اور اصل ہمراہ مسل واپس بھیجی جاوے

رویداد کمیٹی میونسپل بورڈ قصبہ شاہ آباد منعقدہ ۵ اپریل سنہ ۱۸۹۲ء

منجانب محمد حسین زمان خان صاحب تحصیلدار صدر نشین کمیٹی

منجانب ولی مظفر خان صاحب سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکار جلسہ

ملازمین

مولوی ممتاز علی صاحب محرر صفائی

پنڈت گنگا پرشاد صاحب حکیم ...

غیر ملازمین

خدا آفرین صاحب ممبر

چوبے برمانند صاحب ممبر

لالہ جیسا رام صاحب ممبر

امور تصفیہ طلب

۱- اول یہ کہ بازار قصبہ شاہ آباد میں بروالیے غلہ وزن کرتے ہیں۔ اور اونکے کم تولنے کی نسبت اکثر شکایت پہنچتی جاتی ہیں انتظام مناسب ہونا چاہیے۔

تجویزات کمیٹی

باتفاق ممبران کمیٹی نے منظوری صاحب صدر نشین تجویز کیا کہ اول بروز بازار بذریعہ کوتوالی منادی کرا دیجاوے کہ کوئی وزن کش غلہ کم نہ تولا کرے اور معرفت چودھری بازار بھی بروالیان و دیگر وزن کشان کو ہدایت و تنبیہ کیجاوے کہ وہ لوگ غلہ پورا وزن کیا کریں اگر بعد فہمائش اونکے نسبت ایسی شکایات پہ مسموع ہوگی تو بعد تحقیقات حسب ملاحظہ جناب صدر نشین کمیٹی بے اجلاس سے بجہت انسداد و انتظام جرمانہ مناسب تجویز کرینگے۔

ملاحظہ شد ۲۲ اپریل سنہ ۱۸۹۲ء

۲- بازار قصبہ کے راستہ پر بھنگیوں نے اپنے گھروں کے سامنے لب سڑک ... جمع کیا ہے جسکی بدبو اور تعفن سے بازاریوں کو سخت تکلیف ہوتی ہے اور محلہ دار بھی شاکی ہیں انسداد اوسکا

باتفاق منظوری صاحب صدر نشین کمیٹی تجویز ہوا کہ جن بھنگیوں نے یہ گندگی جمع کیا ہے اول اونکو معرفت محرر صفائی اس گندگی کو اوٹھا لینے کی بہ تحریر آگاہ کیا جائے ایک قلیل مہلت دیجاوے اور بکوشش ... آئندہ ...

آبادی میں مینگنہ جمع ہونا بھی خلاف صفائی ہے انتظام مناسب ہونا چاہئے۔

کے ساتھ اس جگہ کی کہ جہاں مینگنہ جمع ہے صفائی کرا دیجائے ازان بعد صاحب صدر نشین کمیٹی اون جا کر وہان کو دیکھیں اجلاس میں طلب فرماکر آئندہ کے لئے [illegible] اور بلکہ عام فہمائش کے لئے [illegible] کو بھی منادی بھی کرا دیجائے کہ کوئی خاکروب آبادی کے اندر مینگنہ نہ جمع کرے ورنہ صاحب صدر نشین کمیٹی کے اجلاس سے مستوجب سزا ہوگا۔

ملاحظہ شد ۲۴ اپریل ۱۹۱۳ء

۳۔ اکثر کہنہ ساریان شاہ آباد نے سڑک سے دیوار کھانچی کی نکال کر لب سڑک ڈلوا دئے ہیں جس سے راستہ میں تنگی واقع ہے علاوہ اسکے کثیف شئے کا انبار آبادی میں ہونے سے احتمال نقصان ہے انتظام ہونا چاہئے

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ کہنہ ساریان کو طلب کرکے اون سے تحریری اقرارنامہ چار یوم کی مہلت دیجاوے اور تاکید کیجائے کہ اس میعاد میں وہ لوگ جسقدر کنکر اور سوار ادھیوں نے بھوتھے ڈلوایا ہے اونکو اٹھوا کر دوسری جگہ آبادی سے علیحدہ پھنکوا دیں اگر اس عرصہ میں کہنہ ساری لوگ اس کو نہ پھنکوا دینگے تو صاحب صدر نشین کمیٹی اپنے اجلاس سے ان لوگوں پر [illegible] جرمانہ تجویز ہوگا۔ محرر صفائی بعد [illegible] رپورٹ باجلاس صاحب موصوف پیش کریں۔

ملاحظہ شد ۔ ۲۴ اپریل ۱۹۱۳ء

۴۔ موسم گرما میں ہر سال سڑک بازار کے دونوں وقت چھڑکاؤ ہوا کرتا ہے اور مزدوری بہشتیان [illegible] بازار سے بطور [illegible] معرفت چودہری بازار دلوائے جاتی ہے امسال بھی حسب سال ہائے گذشتہ چھڑکاؤ کا انتظام ہونا چاہئے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب قدامت امسال بھی صبح و شام سڑک بازار پر چھڑکاؤ ہونا چاہئے چودہری بازار کو ہدایت کیجائے کہ وہ بوصول [illegible] بہشتیان چھڑکاؤ کا انتظام کرے۔

ملاحظہ شد ۔ ۲۴ اپریل ۱۹۱۳ء

تجویز	بیان
بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ہر ایک ہم پولیس پر ایک بھنگی بمشاہرہ دو روپیہ ماہوار کا مقرر ہونا چاہئے۔ بجز اسکے اور کوئی دیہی صورت صفائی ہم پولیس وآبادی کی نظر میں معلوم نہیں ہوتی چنانچہ کمیٹی ماہ گذشتہ میں بھی ہم ممبران نے ایسی ہی رائے ظاہر کی ہے رپورٹ علیحدہ بنابر منظوری و تقرری خاکروبان بخدمت نواب چیف جوڈیشل ممبر بہادر ارسال کیجاوے	۵- اس قصبہ میں واسطے رفاہ خلائق کے سرکار کی جانب سے ہم پولیس تمام بنے ہوئے ہیں لیکن اس وقت تک انکی صفائی کا کوئی انتظام نہیں ہوا ہے بہت مناسب ہو جانا چاہئے ۔

علیحدہ رپورٹ آنے پر حکم مناسب صادر ہوگا ۲۰ اپریل ۱۹۰۲ء

تجویز	بیان
بالاتفاق تجویز ہوئی کہ موقعہ مناسب ہے۔ قصابان کو چار دیواری بنوا لینے کی ہدایت کیجاوے اور گرداور قانونگو کو لکھا جاوے کہ وہ حسب ضابطہ معاوضہ تجویز کر کے کاغذات معاوضہ بنابر منظوری باجلاس نواب چیف جوڈیشل ممبر بہادر پیش کریں	۶- کمیٹی ماہ گذشتہ میں کہا گیا ہے کہ جائے مذبحہ قصبہ ہذا بوجہ علالت محمد تقی شیر خان صاحب ممبر جنکو موقعہ تجویز کرنے کیلئے صاحب ڈپٹی کمشنر کمیٹی نے حکم دیا تھا تبدیل ہوئی اور اب گرداور قانونگوئے تحصیل کو اس کام کا مامور کیا گیا ہے اس کمیٹی میں گرداور قانونگوئے نے اپنی رپورٹ دربارہ تجویز مذبح گذرانی ہے جو بابت صدور حکم مناسب پیش کیجاتی ہے وہ لکھتے ہیں کہ جگہ قصابان سے متصل واقعہ ہے مذبحہ قدیم بجانب دکھن دونوں پراگنوں کے درمیان میں واقعہ ہے وہ بسوہ پختہ اراضی منجملہ نمبر ۱۲۲ جسکی خام اراضی ایک بیگہ ہوگی مقبوضہ میر حماد متعلق مسکنہ شاہ آباد میں تجویز کی ہے اور اس سے زیادہ بہتر اور موقعہ آبادی سے قریب شاہ آباد کے نقشہ میں نہیں قصابان بھی اس جگہ مذبحہ بنائے جانے سے رضامند ہیں اور چار دیواری بنوا لینے کی اجازت چاہتے ہیں

رپورٹ علیحدہ معہ فرد معاوضہ آنے پر حکم مناسب صادر ہوگا - ۲۴ اپریل ۱۹۰۲ء

مطبوعہ ۲ مئی سنہ ۱۸۹۲ ع جلد ۲

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۶ اپریل لغایت ۲ مئی سنہ ۱۸۹۲ ع

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد		تفصیل پیدائش: عورت		میزان	تفصیل بہ مذہب		تفصیل فوتی: ایکسال سے ۵ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل بہ مذہب		تفصیل امراض					کیفیت
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	9	1	8	3	21	17	4	8	4	0	0	8	5	16	9	20	5	2	1	11	11	25	0
[illegible]	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	[illegible]
شاہ آباد	4	11	3	10	29	8	21	9	6	1	2	6	3	14	12	9	19	0	8	10	10	28	0
ملک	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	[illegible]
سوار	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	//
بلاسپور	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0	//
ٹانڈہ	8	11	10	5	34	18	16	1	4	0	0	4	2	5	10	3	12	0	0	0	15	15	0
میزان	21	23	22	18	84	43	41	18	15	1	2	18	15	28	21	32	36	2	9	21	36	68	0

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۶ اپریل لغایت ۲ مئی سنہ ۱۸۹۲ ع

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	0	14	15	16	15	14	شہر رامپور سے نقشہ نہیں آیا
[illegible]	0	20	20	20	20	19	
[illegible]	0	21	22	25	22	0	
[illegible]	0	0	23	26	22	22	
ماش	0	14	13	13	13	0	
مونگ	0	14	12	13	13	0	
مکا	0	0	0	0	0	0	
[illegible]	0	25	25	30	25	25	
[illegible]	0	20	20	20	20	20	
عدس	0	22	23	25	25	20	
ارہر	0	25	23	25	15	20	
[illegible]	0	10	10	10	11	10	
روغن زرد	0	1	1	1	1	1	
روغن سیاہ	0	3	3	3	3	3	
[illegible]	0	2	2	2	1	1	
[illegible]	0	5	9	8	9	8	
[illegible]	0	6	0	8	8	0	
قند سیاہ	0	9	10	10	11	9	

مطبوعہ سرکاری پریس رامپور